شکر گنج لمیٹڈ

اطلاع غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ شکر گنج لمیٹڈ (کمپنی) کا غیر معمولی اجلاس عام رجسٹرڈ دفتر، E فلور، آئی ٹی ٹاور، 73/E/1، ہالی روڈ، گلبرگ III، لاہور پر سے وڈیو لنک کے ذریعے ورچوئلی سوموار یکم جون 2020 کو صبح 11:30 بجے درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

عام امور:

1۔ یکم جون 2020ء سے شروع تین (3) سالوں کی مدت کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1)159 کے تحت بورڈ کی طرف سے مقررہ کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام مندرجہ ذیل ہیں جو دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں:

1۔ محترمہ ہاجرہ احسان سلیم
2۔ جناب علی الطاف سلیم
3۔ جناب خالد بشیر
4۔ جناب محمد انور
5۔ جناب محمد ارشد
6۔ جناب شیخ عاصم رفیق
7۔ جناب خواجہ جلال الدین

ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلقہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت مادی حقائق کا بیان EOGM نوٹس ہذا کے ہمراہ منسلک حصص داران کو ارسال کیا گیا ہے۔

بحکم بورڈ

آصف علی

کمپنی سیکرٹری

لاہور: 08 مئی 2020ء

نوٹ:

1۔ حکومت/SECP کی ہدایات اور کورونا وائرس کے کیسز کی تعداد بڑھنے کی روشنی میں لاک ڈاؤن کی صورت حال کے مدنظر، اجلاس کمپنی کے حصص داران کی حفاظت اور بہتری کے لئے وڈیو لنک کے ذریعے ورچوئلی منعقد ہوگا۔ سمارٹ فونز/ٹیبلٹس/کمپیوٹرز استعمال کرتے ہوئے عام اجلاس میں شرکت کی جاسکتی ہے۔ وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لئے، ارکان سے درخواست ہے کہ 29 مئی 2020ء کو یا قبل asif.malik@shakarganj.com.pk پر ای میل کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرکے اپنے آپ کو رجسٹر کروائیں۔

نام رکن	CNIC نمبر	سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر/فولیو نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

2۔ ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ ارکان کو کمپنی کے ہاں دستیاب ان کے ای میل ایڈریس پر کمپنی کی طرف سے وڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ اِن سہولت اجلاس کے آغاز سے کارروائی کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

3۔ حصص داران جو EOGM کے ایجنڈا پر اپنی آراء/تجاویز ارسال کرنا چاہتے ہوں کمپنی کو asif.malik@shakarganj.com.pk پر ای میل یا 03000801554 پر وٹس ایپ کرسکتے ہیں۔ کمپنی یقینی بنائے گی کہ حصص داران کی آراء/تجاویز اجلاس میں سنائی جائیں گی اور جوابات اجلاس کے امور کا حصہ بنائے جائیں گے۔

4۔ کوئی ممبر جو ڈائریکٹرز کے انتخابی مقابلہ میں حصہ لینا چاہتا ہو، آیا کہ وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دیگر کو کمپنی کے ہاں درج ذیل دستاویزات اور معلومات اس کے رجسٹرڈ دفتر، E فلور، آئی ٹی ٹاور، 73/E/1، ہالی روڈ، گلبرگ III، لاہور پر اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 14 یوم قبل لازماً جمع کرانی چاہئیں۔

a)۔ اُس کا فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی پارٹیسپنٹ نمبر/سب اکاؤنٹ نمبر۔

b)۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)159 کی شرائط میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنے کا اظہار نوٹس۔

c)۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 167 کے تحت فارم 28 میں بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی۔

d)۔ SRO 1196(1) 2019 مورخہ 03 اکتوبر 2019ء کی شرائط میں کمپنی کی ویب سائٹ پر پلیسمنٹ کیلئے تفصیلی پروفائل معہ دفتر کا پتہ۔

e)۔ مالیاتی ادارہ کو قرض کی واپس ادائیگی میں نادہندہ کے طور پر کسی مجاز عدالت کی طرف سے نادہندہ قرار نہیں دیا گیا ہے۔

f)۔ آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کے تقاضوں کی جیسا کہ کمپنیز (ترمیم) آرڈیننس 2020 کی رُو سے ترمیم شدہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 کے مطابق تعمیل کی جائے گی۔ بطور آزاد ڈائریکٹرز انتخاب میں حصہ لینے والا فرد یہ وضاحت بھی جمع کرائے گا کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء اور اس کے تحت جاری شدہ قواعد وضوابط کے تحت نوٹیفائیڈ اہلیت اور آزادانہ معیار کو کوالیفائی کرتا ہے۔

g)۔ کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) اور نیشنل ٹیکس نمبر کی مصدقہ نقل۔

h)۔ اعلامیہ کہ:

- وہ کسی قابل اطلاق قواعد وضوابط (بشمول سٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ قواعد) کے تحت کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کا ری نااہل نہیں ہے۔
- وہ سات سے زیادہ لسٹڈ کمپنیوں میں بطور ڈائریکٹر خدمات سرانجام نہیں دے رہا رہی ہے۔ مہیا شدہ کہ اس حد میں لسٹڈ کمپنی کی لسٹڈ ذیلی کمپنیوں میں ڈائریکٹرشپ شامل نہیں ہوگی۔
- نہ وہ سیکورٹیز ایکٹ 2015 میں بیان کردہ سیکورٹیز مارکیٹ یا فیوچر مارکیٹ ایکٹ 2016 میں بیان کردہ فیوچر مارکیٹ پر مشتمل بروکریج کے کاروبار میں مصروف اور نہ ہی وہ ایسے فرد کا ری زوج یا سپانسر ڈائریکٹر یا بروکریج ہاؤس کا آفیسر نہیں ہے۔
- وہ متعلقہ قوانین، کوڈ، کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکل آف ایسوسی ایشن اور سٹاک ایکسچینج کے فہرستی قواعد کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے۔

5۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 143 اور 144 کے تقاضوں کے حوالہ سے، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لئے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء (ریگولیشنز) کی پیروی میں حصص داران کو اپنے ووٹ کا حق پوسٹل بیلٹ کے ذریعے استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو کہ مذکورہ بالا ریگولیشنز میں شامل ضروریات اور طریقہ کار کے مطابق بذریعہ ڈاک ووٹنگ ہے۔

6۔ اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کیلئے دیگر ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی تقرری کے آلات اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت یہ دستخط شدہ ہے یا مختار نامہ کی نوٹریلی مصدقہ کاپی کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پر اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً جمع کرائی جانی چاہیے۔

7۔ ممبران سے التماس ہے کہ اپنے پتوں میں کسی تبدیلی کے بارے بروقت مطلع کریں۔

کتابوں کی بندش

کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 25 مئی 2020ء تا یکم جون 2020ء (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے آزاد شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز کارپ ٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ E-503 جوہر ٹاؤن لاہور پر ہفتہ 23 مئی 2020ء کو کاروبار کے اختتام (5:00 PM) تک موصولہ منتقلیاں غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے مقصد کیلئے بروقت تصور ہونگی۔